امام کعبہ مفتی اعظم الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ آل شیخ کا خطبہ حج

# امت مسلمہ اپنے اختلافات دور کرے اور روشن خیالی سے بچیں!

مکہ مکرمہ (آن لائن + این این آئی) امام کعبہ مفتی اعظم الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ نے کہا ہے کہ روشن خیالی، سرمایہ دارانہ نظام اور سوشلزم جیسے نعرے اسلام کے خلاف ہیں۔ بہترین راہ قرآن کی راہ ہے۔ مسلمانوں کے زوال کی وجہ دین سے دوری ہے، اللہ کے دین کے دشمن اکٹھے ہورہے ہیں، مسلمان حکمرانوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ دین کے دشمنوں کو روکنے کیلئے اقدامات کریں۔ یہ باتیں انہوں نے میدان عرفات میں دنیا بھر سے آئے ہوئے لاکھوں حجاج کرام کے سامنے خطبہ حج کے دوران کہی۔ امام کعبہ نے امت مسلمہ کے اتحاد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بعض غیر مسلم قوتیں اپنے مفادات کے پیش نظر امت مسلمہ کو نقصان پہنچا رہی ہیں اور امت کے وسائل پر ان کی نظر ہے۔ اس وقت بڑا فتنہ یہ ہے کہ کئی حلقے مسلمانوں میں ذہنی انتشار پیدا کر رہے ہیں تاکہ اسلام کی بنیادوں کو ہلایا جائے ایسی کوششوں کو روکنے کی ضرورت ہے۔ امام کعبہ نے کہا کہ مسلمان حکمرانوں پر یہ بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ وہ اسلام کی حفاظت کریں اس وقت عالم اسلام کو میدان جنگ میں تبدیل کیا جارہا ہے اور امت مسلمہ کو آپس میں لڑایا جارہا ہے تاکہ ان کے وسائل جنگ کی نذر ہو جائیں۔ ایسی سازشوں کو روکنا وقت کی ضرورت ہے۔ جو شخص اللہ کے دین کی مدد کیلئے اٹھے گا اللہ اس کی مدد کرے گا۔ وحی الٰہی بھی یہی ہے ﴿ان تنصروا اللہ ینصر کم﴾ ''اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے، اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائے گا'' اللہ نے عبادت کے طریقے بتا دیئے ہیں، حلال کمانے کا حکم دیا، رشوت، خیانت اور فضول خرچی سے اللہ نے منع کیا ہے۔ ایک دوسرے کا حق ادا کرنے کا حکم دیا آج دنیا میں بہت سے گمراہ لوگ مسلمانوں کو ان کے دین سے دور کرنا چاہتے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے دین کو مسخ کردیں، وہ دنیا میں فساد اور بے چینی پھیلا دینا چاہتے ہیں۔ مسلمانوں کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں۔ مسلمانوں کو ایسے راستوں سے بچنا چاہیے جو انہیں گمراہی کی طرف لے جارہے ہیں۔ امام کعبہ نے کہا اے مسلمانو! دین کا راستہ صراط مستقیم ہے، کیا آپ اچھی چیز کو چھوڑ کر بدی کو لو گے، عالم اسلام سخت حالات سے دوچار ہے، دشمن ہمارے دین کو مٹا دینا چاہتا ہے اور اس سے بیگانہ کر دینا چاہتا ہے۔ امہ بیداری اور غیرت کا ثبوت دے: امام کعبہ نے کہا کہ ہمارے ممالک کے وسائل سے دشمن ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں آج ہمیں ضرورت ہے کہ آئندہ نسلوں کو دین سے متعارف کرائیں اور اپنے داخلی حصوں کو

مضبوط کریں ان میں خلا پیدا نہ ہونے دیں۔ انہوں نے کہا: اے ملت اسلامیہ کے لوگو! بیدار ہو جاؤ، حالات کا جائزہ لو۔ امت مسلمہ کے خلاف مغربی تہذیب کی یلغار کو سمجھو اور غور کرو کہ دشمن کیسے ہمارے خلاف منصوبے بنا رہے ہیں ان کو ناکام بنانے کے لئے متحد ہو جاؤ۔ مائیں اپنے بچوں کو میڈیا (مغربی چینلز) سے بچائیں اے نوجوانو! اللہ سے ڈرو آج ہمارا دشمن چاہتا ہے کہ امت اسلامیہ کے نوجوان اپنی شناخت کھو دیں انہیں احساس نہ رہے کہ وہ کون ہیں؟ دشمن ہمیں دین سے دور کرنا چاہتا ہے، دین کے راستے سے ہٹا کر اپنے غلط افکار کی طرف لے جانا چاہتا ہے۔ اے نوجوانو! عمل کیلئے اٹھو اور اللہ کے دین کو تھام لو جو حق پر ہیں ان کیلئے بشارت ہے، دنیا بے شک انہیں تنہا چھوڑ دے لیکن اللہ انہیں تنہا نہیں چھوڑے گا۔ اے ابلاغ والو! آج تم غلط کاروں کا ساتھ نہ دو بلکہ ان کا جواب دو۔ آج عورتوں کے بارے میں جگہ جگہ کانفرنسیں کی جا رہی ہیں، تاکہ مسلمان عورت سے اس کا دین چھین لیا جائے وہ ملک جو حقیقی طور پر ترقی یافتہ ہیں ان سے فائدہ اٹھاؤ، سودی کاروبار ختم ہونا چاہیے۔

**شرک حرام اور یوم آخرت بڑا سخت ہے:** امام کعبہ نے کہا کہ اس عظیم مقام سے تمہیں دہائی دیتا ہوں کہ اللہ کے ساتھ شرک حرام ہے۔ اے مسلمانو! امت کے مفادات کو ترجیح دو، اللہ تمہاری صفیں مضبوط کرے گا مسلمانو! موت ہر ذی روح کو آنی ہے۔ قیامت کے دن سب کھڑے ہوں گے، اللہ کے نافرمانوں کی نگاہیں جھکی ہوں گی وہ سخت دن ہوگا جس دن پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا اور تم میں سے کوئی اللہ سے نہیں چھپ سکے گا، تمہارے اعمال لکھے جا رہے ہیں وہ کتاب زندگی میں لکھا ہوا دیکھے گا کہ اس نے زندگی میں کیا کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لایغادر صغیرةً ولا کبیرةً الاأحصاها﴾ ''کہ کتاب نہ کسی چھوٹے عمل کو چھوڑتی ہے اور نہ کسی بڑے عمل کو'' اس لئے دعا کریں کہ اللہ کی پکار پر لبیک کہیں، اللہ سے ڈرتے رہو اللہ کا ذکر کرتے رہا کرو یہ مبارک دن ہے اللہ کے گھر کے حاجیو! یہ حج نعرہ بازی جلسے جلوس کیلئے نہیں یہ عرفہ کا دن ہے، بے شک جمعہ کا دن افضل دن ہے۔ اس دن اللہ نے آدمؑ کو پیدا کیا، آدمؑ کی دعا اسی دن قبول ہوئی تھی، جمعہ کے دن حج پر اللہ کا شکریہ ادا کریں۔ حج کو عورتوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے جہاد کا درجہ دیا۔ اللہ ہمیں عذاب جہنم سے بچائے، اللہ ہماری کمزوریوں کو ختم کر دے، اے مسلمانو! غیبت چھوڑ دو اور قرآن پر عمل کرو کیونکہ یہ سیدھی راہ دکھاتا ہے، اے اللہ! ہمارے حکمرانوں کو اچھے لوگ بنانا۔ اللہ ہمیں معاف فرما، اے اللہ! تو ہی رحم کرنے والا ہے۔ آج اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر فخر کر رہا ہے اے اللہ مسلمانوں میں اتحاد پیدا کر، شیطان عرفہ کے دن جتنا ذلیل ہوتا ہے اتنا کبھی نہیں ہوتا۔ حجاج کرام سارے مسلمانوں کیلئے دعا کریں اے اللہ! ہمارے دلوں کو مسلمانوں کے کینے سے پاک رکھنا، اے اللہ! دنیا اور آخرت میں نیکی عطا کر۔ آمین